Islamiat (Urdu Medium) - 5th Class Islamiat Chapter 5 Short Questions

Q1. حدیث مبارک کے مطابق جو کوئی اپنے مسلمان بھائی کی ضرورت پورا کرتا ہے اس کے لیے کیا اجر ہے.

Ans 1: حدیث مبارک کے مطابق جو مسلمان اپنے بھائی کی ضرورت کو پورا کرنے میں لگا رہتا ہے تو اللہ تعالی اس کی ضرورت پوری فرمادیتے ہیں.

Q2. اخوت کا مفہوم واضح کریں.

Ans 1: اخوت کا مطلب ہے بھائی چارہ اسلامی اخوت سے مراد ہے کہ سب مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں.

Q3. حدیث مبارک کے مطابق کون سا شخص دین سے محروم ہوجاتا ہے.

Ans 1: جو شخص اپنے وعدوں کا خیال نہیں رکھتا وہ دین سے محروم ہوجاتا ہے.

Q4. سب سے بڑھ کر وعدے کو پورا کرنے والا کون ہے

Ans 1: اللہ تعالی سب سے بڑھ کر وعدے کو پورا کرنے والا ہے ارشاد باری تعالی ہے. اور اللہ تعالی سے زیادہ وعدہ پورا کرنے والا کون ہے.

Q5. عہد شکنی کاکیا نقصان ہوتا ہے.

Ans 1: جو شخص وعدہ پورا نہیں کرتا ، لوگ اسے جھوٹا سمجھتے ہیں. وعدہ خلافی اللہ تعالی کی ناراضی اور دنیا میں زلت و رسوائی کا سبب بنتی ہے.

Q6. اہل ایمان کی صفت بیان کریں.

Ans 1: اہل ایمان کی صفت یہ ہےکہ اہم صفت ایفائے عہد ہے. ہو ہر حال میں اپنے وعدے کی پابندی کرتے ہیں.

Q7. ایفائے عہد کے متعلق ایک آیت

Ans 1: اللہ تعالی کا ارشاد ہے. اور عہد کو پورا کرو بے شک عہد کے بارے میں پوچھا جائے گا.

Q8. چغل خوری کی مذمت کے بارے میں ایک آیت

Ans 1: ارشاد باری تعالی ہے. ہر شخص کے لیے ہلاکت ہے جو طعنہ دینے والا عیب نکالنے والا ہو.

Q9. وعدے کے پابندی کے متعلق آپ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک فرمان تحریر کریں.

Ans 1: آپ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا. جو شخص وعدے کی پابندی نہیں کرتا اس کا کوئی دین نہیں.

Q10. چغل خوری سے کیا مراد ہے.

Ans 1: چغل خوری سے مراد دو افراد کو ایک دوسرے سے بدظن کرنے کے لیے ان کے درمیان اختلاف پیدا کرنا اور جھگڑا کروانا ہے.